**Maulana Azad National Urdu University**

**M.A. Urdu, I Semester Examination - December - 2017**

**Paper : MAUR101CCT : Lisaniyaat**

**پرچہ : لسانیات**

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

(i) ذیل میں سے کون سی صوتیات کی شاخ نہیں ہے؟

(a) تلفظی صوتیات (b) سمعیاتی صوتیات (c) سمعی صوتیات (d) نفسی صوتیات

(ii) ذیل میں سے کس کا تعلق افازیہ سے ہے؟

(a) عصبی لسانیات (b) تاریخی لسانیات (c) سماجی لسانیات (d) ذولسانیت

(iii) ذیل میں سے کون سی مارفیمیات کی صحیح تعریف ہے؟

(a) چھوٹی سی چھوٹی اور بامعنی لسانی اکائی کو مارفیم کہتے ہیں (b) چھوٹی سے چھوٹی لسانی اکائی کو مارفیم کہتے ہیں

(c) بامعنی لسانی اکائی کو مارفیم کہتے ہیں (d) چھوٹی سی چھوٹی تکلمی آواز کو مارفیم کہتے ہیں

(iv) عام لسانیات کے مصنف کون ہیں؟

(a) مرزا خلیل بیگ (b) گیان چند جین (c) مسعود حسین خان (d) نصیر احمد خان

(v) ذیل میں سے کون نحویات کا حصہ نہیں ہے؟

(a) ترکیب (b) جزو (c) لفظ (d) جزو متصل

(vi) ذیل میں سے کون سی آوازیں حلقی ہیں؟

(a) ح، خ، ع، غ، ء، ہ (b) ب، پ، ت، ٹ، ث، ن (c) ذ، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز (d) س، ش، ص، ض، ط، ظ

(vii) ذیل میں سے کس نے اردو کے کھڑی بولی سے نکلنے کا نظریہ پیش کیا؟

(a) سید سلیمان ندوی (b) محمد حسین آزاد (c) مسعود حسین خان (d) شوکت سبزواری

(viii) زبان کے آغاز کے یو۔ہی۔ہو (yo.he.ho) نظریے کی کیا معنویت ہے؟

(a) سماجی معنویت (b) تاریخی معنویت (c) ثقافتی معنویت (d) جغرافیائی معنویت

(ix) ذیل میں سے کون سی لسانیات کی صحیح تعریف ہے؟

(a) لسانیات زبان کا معنوی مطالعہ ہے (b) لسانیات زبان کا لفظی مطالعہ ہے

(c) لسانیات زبان کا صوری مطالعہ ہے (d) لسانیات زبان کا صوری اور معنوی سائنس مطالعہ ہے

(x) شورسینی اپ بھرنش کی کل کتنی شاخیں ہیں؟

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

## حصہ دوم

2. لسانیات کیا ہے اور لسانیات کیا نہیں ہے پر جامع نوٹ تحریر کیجیے۔
3. ذولسانیت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ حوالوں کے ساتھ بحث کیجیے۔
4. لسانیات کا دیگر علوم سے کیا رشتہ ہے؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
5. فونیمیات پر حوالوں کے ساتھ ایک جامع نوٹ تحریر کیجیے۔
6. لسانیات کے مطالعے کی اہمیت و افادیت پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔
7. ادب کی تفہیم میں لسانیات کے مطالعے کی اہمیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
8. اردو زبان کے آغاز و ارتقا سے متعلق مختلف نظریات پر روشنی ڈالیے۔
9. نحویات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اہم پہلوؤں کو اجاگر کیجیے۔

## حصہ سوم

10. تاریخ زبان اور تاریخی لسانیات کے باہمی افتراقات کو واضح کرتے ہوئے تاریخی لسانیات کے اہم پہلوؤں کو اجاگر کیجیے۔
11. معنیات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اپنے خیالات کا مفصل اظہار کیجیے۔
12. صوتیات کے مختلف پہلوؤں پر مفصل روشنی ڈالیے۔
13. اسلوبیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اہم پہلوؤں سے بحوالہ بحث کیجیے۔
14. زبان کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے آغاز سے متعلق مختلف نظریات پر مفصل روشنی ڈالیے۔

☆☆☆